HM Revenue
& Customs

ٹیکس چیک فیکٹ شیٹ

کیا تبدیل ہورہا ہے

4اپریل 2022 سے انگلینڈ اور ویلز میں اور 2 اکتوبر 2023 سے سکاٹ لینڈ اور شمالی آئرلینڈ میں آپ کو مندرجہ ذیل لائسنسوں کی تجدید کے لیے درخواست دیتے وقت HM ریونیو اینڈ کسٹمز(HMRC) کے ساتھ نئے ٹیکس چیک مکمل کرنے کی ضرورت ہوگی:

- ٹیکسی اور کرایہ پر چلنے والی نجی گاڑیوں کے ڈرائیور
- کرایہ پر چلنے والے نجی آپریٹرز
- بکنگ دفاتر
- سکریپ میٹل ڈیلر سائٹس
- موبائل یا گھومنے پھرنے والے سکریپ میٹل جمع کرنے والے

تبدیلیاں آپ کو کیسے متاثر کر سکتی ہیں

نیا لائسنس حاصل کرنا آپ کو جو کچھ کرنے کی ضرورت ہے اس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آیا آپ پہلی بار لائسنس کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا آپ دوبارہ درخواست دے رہے ہیں، جیسے کہ لائسنس کی تجدید کے لیے ۔

لائسنس کی تجدید اگر آپ پہلی بار لائسنس کے لیے درخواست دے رہے ہیں، تو آپ کو ٹیکس چیک مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ تاہم، لائسنس دینے والے ادارے آپ سے HMRC کی رہنمائی کو پڑھنے کے لیے کہیں گے کہ آپ کو مستقبل میں ٹیکس کے لیے صحیح طریقے سے رجسٹر ہونے کے لیے کیا کرنے کی ضرورت ہے اور آپ کو اس بات کی تصدیق کرنے کی ضرورت ہوگی کہ آپ نے ایسا ہی کیا ہے۔

اگر آپ لائسنس جاری کرنے والے کسی مختلف ادارے کو لائسنس کی تجدید کے لیے یا بعد میں آنے والے لائسنس کی درخواست دیتے ہیں، تو آپ کو ٹیکس چیک کرنا ہوگا۔ آپ اپنے گورنمنٹ گیٹ وے اکاؤنٹ کے ذریعے GOV.UK پر ٹیکس چیک مکمل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس پہلے سے گورنمنٹ گیٹ وے اکاؤنٹ نہیں ہے، تو آپ کو اپنے لائسنس کی تجدید سے پہلے ایک اکاؤنٹ بنانا چاہیے۔

ٹیکس چیک کے بارے میں

ٹیکس کی جانچ پڑتال میں صرف چند منٹ لگنے چاہئیں اور آپ کو HMRC کو یہ بتانے کے لیے صرف چند سوالات کے جوابات دینے کی ضرورت ہوگی کہ آپ اپنی لائسنس یافتہ تجارت سے حاصل ہونے والی آمدنی پر واجب الادا ٹیکس کیسے ادا کرتے ہیں۔ GOV.UK پر اس حوالے سے رہنمائی موجود ہو گی اور جس کو بھی اضافی مدد کی ضرورت ہے وہ HMRC کی کسٹمر ہیلپ لائن پر فون کے ذریعے ٹیکس چیک مکمل کر سکے گا۔

جب آپ ٹیکس چیک مکمل کر لیں گے توآپ کو ایک کوڈ ملے گا۔ آپ کو یہ کوڈ اپنے لائسنس جاری کرنے والے ادارے کو ضرور دینا چاہیے۔ لائسنس دینے والا ادارہ آپ کے لائسنس کی درخواست یا تجدید کے ساتھ اس وقت تک آگے نہیں بڑھ سکتا جب تک کہ ٹیکس کی جانچ مکمل نہ ہو جائے اور انہیں کوڈ موصول نہ ہو جائے۔

آپ کے لائسنس جاری کرنے والے ادارے کو صرف HMRC سے تصدیق ملے گی کہ آپ نے ٹیکس چیک مکمل کر لیا ہے، انہیں آپ کے ٹیکس کے معاملات کے بارے میں معلومات تک رسائی حاصل نہیں ہوگی۔

آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے

اگر آپ نے اپنی لائسنس یافتہ تجارت سے حاصل ہونے والی آمدنی پر ٹیکس ادا کرنے کے لیے رجسٹر نہیں کرایا ہے، تو براہ کرم GOV.UK پر جا کر چیک کریں کہ آیا آپ کو جلد از جلد رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے:

- اگر آپ ملازم ہیں، تو پے ایز یُو اَرن :(PAYE) پر GOV.UK پر جانے اور 'How you pay income tax' تلاش کرنے کےذریعےمعلومات حاصل کریں
- اگر آپ اپنا کام (کاروبار) کرتے ہیں، توسیلف اسسمنٹ(از خود جائزہ)کے لیے اندراج کے بارے میں GOV.UK پرجانے اور 'Register for Self Assessment' تلاش کرنےکےذریعے معلومات حاصل کریں
- اگر آپ کسی کمپنی کے ذریعے کام کرتے ہیں، تو کارپوریشن ٹیکس کے بارے میں GOV.UK پر جانےاور 'Corporation Tax' تلاش کرنےکےذریعے معلومات حاصل کریں:

اگر آپ کو ٹیکس ادا کرنے کے لیے رجسٹرڈ ہونا چاہیے تھا اور آپ نے ایسا نہیں کیا ، تو HMRC آپ کو صحیح راستے پر واپس لانے کے لیے فوری اور پیشہ ورانہ طور پر آپ کے ساتھ کام کرے گا۔ اپنے ٹیکس کو درست کرنا آپ کی ذمہ داری ہے، لیکن HMRC مدد کے لیے حاضر ہے۔

اگر آپ کو اضافی مدد کی ضرورت ہو تو آپ HMRC سے مدد حاصل کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر اگر آپ کو مختلف فارمیٹ میں معلومات درکار ہوں یا فارم بھرنے میں مدد درکار ہو۔ GOV.UK پر جائیں اور 'Get help from HMRC if you need extra support' تلاش کریں۔

ٹیکس چیک کے بارے میں مزید رہنمائی کےلئے GOV.UK پر جائیں اور 'Complete a tax check for a taxi, private hire or scrap metal licence' تلاش کریں۔